# 04-10-2023 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆مرکزی حکومت نے قومی ہلدی بورڈ کے لئے اعلامیہ جاری کیا ہے۔

☆مرکزی حکومت نے تلنگانہ میں سمکا سارکا مرکزی قبائیلی یونیورسٹی کے قیام کیلئے سنٹرل یونیورسٹیز ایکٹ میں ترمیم کومنظوری دی ہے۔

☆ ریاستی وزیر ہریش راؤ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کے سی آر ورنگل میں منعقد شدنی عوامی جلسہ کے دوران سولہا اکتوبر کو بی آر ایس کا منشور جاری کریں گے۔

☆ایس بی آئی نے اپنے صارفین کو گھر تک سہولت پہنچانے کیلئے خصوصی سروس شروع کی ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی حکومت نے اجولا یوجنا استفادہ کنندگان کے لئے ایل پی جی سلینڈر کیلئے سبسیڈی میں فی سلینڈر 100 روپئے کا اضافہ کیا ہے۔نئی دہلی میں آج میڈیا کوتفصیلات بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر انوراگ ٹھاکر نے کہا کہ پردھان منتری اجولا یوجنا اسکیم کے تحت استفادہ کنندگان کیلئے ایل پی جی سبسیڈی کو فی سلینڈر 200 روپئے سے بڑھا کر 300 روپئے کردیا گیا ہے۔ٹھاکر نے کہا کہ مرکزی کابینہ نے اس کے علاوہ تلنگانہ اور آندھراپردیش کے درمیان کرشنا کے پانی کی تقسیم کے معاملہ میں بھی قواعد کومنظوری دی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے سنٹرل یونیورسٹیز ایکٹ 2009 میں بھی ترمیم کومنظوری دی ہے جس کے تحت تلنگانہ میں سمکا سارکا سنٹرل قبائیلی یونیورسٹی قائم کی جائے گی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ثقافت وسیاحت کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ حکومت نے قومی ہلدی بورڈ قائم کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے جبکہ اس بورڈ کے قیام سے عالمی سطح پر برآمدات میں بھی اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اس فیصلہ سے تلنگانہ کے کسانوں کے مطالبہ کی یکسوئی ہوگی۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کے تلنگانہ الیکشن انچارج وسابق مرکزی وزیر پرکاش جواڈیکر نے آج اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ مجوزہ اسمبلی انتخابات میں بی جے پی فاتح بن کر ابھرے گی۔حیدرآباد میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جواڈیکر نے اس بات کی بھی وضاحت کی کہ بی جے پی اورٹی آر ایس کے درمیان کسی طرح کا اتحاد نہیں ہے جیسا کہ اس بات کا اظہار وزیراعظم نریندر مودی کے ریمارکس سے ہوتا ہے۔جواڈیکر نے اس موقع پر اس بات کواجاگر کیا کہ کانگریس اورٹی آر ایس نے سابق میں متحدہ طور پر انتخابات میں حصہ لیا۔جبکہ وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ نے کانگریس کے دور میں مرکزی وزیر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں اور کانگریس سے تعلق رکھنے والے کئی ارکان اسمبلی،بی آر ایس پارٹی میں شمولیت اختیار کر چکے ہیں۔پرکاش جواڈیکر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بی جے پی،تلنگانہ کے عوام کے لئے جدوجہد کرنے کے لئے پرعزم ہے اوراگلے انتخابات میں کامیابی حاصل کرے گی۔

☆☆☆☆☆

ریاست میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بونداباندی کا قوی امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج حیدرآباد میں اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ ریاست بھر میں کل سے اس ماہ کی 10 تاریخ تک توقع ہے کہ موسم خشک رہے گا۔تلنگانہ بھر میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ چندرشیکھر راؤ، چھ اکتوبر کوتلنگانہ کے تمام سرکاری اسکولوں میں باوقار سی ایم بریک فاسٹ اسکیم کا افتتاح انجام دیں گے۔وزیراعلیٰ ضلع رنگاریڈی میں اس انفرادی اسکیم کا رسمی افتتاح کریں گے جبکہ اسی طرح ریاست کے دیگر اضلاع میں مقامی عوامی نمائندے یہ اسکیم شروع کریں گے۔سی ایم بریک فاسٹ اسکیم کی تیاری کے ضمن میں تمام اضلاع کے کلکٹرس کا ایک جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں چیف سکریٹری شانتی کماری نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ اس اسکیم کو عمدگی سے شروع کرنے کیلئے تمام تر انتظامات کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔کلکٹرس کو ہدایت دی گئی کہ ہر اسمبلی حلقہ میں کوئی ایک سرکاری اسکول کی نشاندہی کی جائے تا کہ مذکورہ اسکیم کو شروع کیا جاسکے۔

یہ یونیورسٹی ضلع ملوگو میں 889 کروڑ روپئے کی لاگت سے قائم کی جائے گی۔اس یونیورسٹی سے نہ صرف ریاست بھر میں اعلیٰ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی بلکہ ریاست بھر کی قبائیلی آبادی کو آرٹ، کلچر اور روایتی معلومات حاصل کرنے کے علاوہ ریسرچ کی سہولتیں ملیں گی۔

☆☆☆☆☆

حکومت نے آج قومی ہلدی بورڈ کے قیام کیلئے اعلامیہ جاری کیا ہے۔جس کے ذریعہ ملک بھر میں ہلدی اور اس سے تیار کی جانے والی اشیاء میں اضافہ اور فروخت پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ ہلدی بورڈ، ہلدی سے متعلق معاملات، اقدامات اور دیگر امور کی قیادت کرے گا۔اس سلسلے میں سرکاری ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کیا جائے گا۔ نئی دہلی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے ثقافت وسیاحت کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ ہندوستان، ہلدی کا سب سے بڑا تیار کنندہ، استعمال کرنے والا اور برآمد کرنے والا ملک ہے جبکہ ملک بھر میں ہلدی کی 30 سے زائد اقسام تیار کی جاتی ہیں نیز ملک کی 20 سے زائد ریاستوں میں ہلدی تیار کی جاتی ہے۔ ہلدی کی بڑے مقدار میں تیاری کرنے والی ریاستوں میں مہاراشٹرا، تلنگانہ، کرناٹک اور تامل ناڈو شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆

اسٹیٹ بینک آف انڈیا نے صارفین کو بینکنگ خدمات فراہم کرنے کیلئے آج موبائیل سرویس شروع کی۔اس سرویس کے ذریعہ رقم کے نکالے جانے، جمع کرانے، رقومات کی منتقلی، بیلنس انکوائری اور منی اسٹیٹمنٹ جیسی خدمات صارفین گھر پر فراہم کی جائیں گی۔اس سرویس کو شروع کرنے کا مقصد خاص طور پر ایسے صارفین کو مدد پہنچانا ہے جو کسی مجبوری کی بناء پر بینک پہنچنے سے قاصر رہتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاست کے صحت وفینانس کے وزیر ہریش راؤ نے اعلان کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ ورنگل میں سولہا اکتوبر کو منعقد شدنی ایک عوامی جلسہ کے دوران بی آر ایس کا منشور جاری کریں گے۔ تلنگانہ میں بی آر ایس کی کامیابی کے لئے یقین کا اظہار کرتے ہوئے ہریش راؤ نے زور دیا کہ پارٹی کے منشور سے اپوزیشن کے دماغ مفلوج ہو جائیں گے۔ وزیر، آج ضلع وقار آباد کے کوڑنگل منڈل میں مختلف ترقیاتی کاموں میں حصہ لینے کے بعد اظہار خیال کر رہے تھے۔انہوں نے حلقہ کوڑنگل کے علاقہ کوسگی میں پچاس بستروں والے سرکاری دواخانہ کا افتتاح بھی انجام دیا۔ بعد ازاں ایک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے ہریش راؤ نے کہا کہ یہ علاقہ، سابقہ حکمرانوں کے امتیازی رویہ کے سبب بچھڑا ہوا تھا تاہم اب بی آر ایس کے دور میں یہاں کئی ترقیاتی کام انجام دیئے گئے ہیں۔ ہریش راؤ نے بعد ازاں ضلع نارائن پیٹ کے منڈل مکتھل میں بھی 150 بستروں والے سرکاری دواخانہ کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔

☆☆☆☆☆

چین میں رواں ایشین گیمس میں جملہ 74 میڈلس بشمول 16 گولڈ، 27 سلور اور 31 برانز میڈل کے ساتھ ہندوستان اس وقت مجموعی طور پر چوتھے مقام پر ہے۔ ایشین گیمس کی تاریخ میں یہ ہندوستان کا سب سے بہترین مظاہرہ ہے۔ ہندوستانی اتھلیٹس نے گیمس کے گیارہویں دن عمدہ مظاہرہ کیا۔ تیراندازی میں ہندوستانی جوڑی جیوتی سوریکھا اور اوجاس دیوتلے نے کمپاؤنڈ مکسڈ ٹیم فائنل میں جنوبی کوریا کو شکست دے کر گولڈ میڈل جیت لیا۔ باکسنگ میں لولینا بورگوہین نے 75 کیلوگرام ویمنس زمرہ میں سلور میڈل جبکہ پروین ہدیٰ نے 57 کیلوگرام خواتین کے زمرہ میں برانز میڈل اپنے نام کیا۔اسکاش میں ابھئے سنگھ اور انا ہت سنگھ پر مشتمل مکسڈ ہندوستانی ٹیم کو ملیشیاء کے خلاف شکست کے بعد برانز میڈل حاصل ہوا۔اس سے پہلے رام بابو اور منجو رانی نے گیارہویں دن 35 کیلومیٹر مکسڈ ریلے ریس واک میں ملک کیلئے میڈل کا کھاتہ کھولا۔

☆☆☆☆☆

پاکستان میں حکومت رواں برس اکتوبر تک تمام غیر یقینی تارکین وطن کو ملک بدر کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔اس سلسلے میں طویل عرصہ سے موجود افغانی عوام کو خاص طور پر نشانہ بنایا جائے گا۔اس ماہ کے آخر تک 1.1 ملین سے زائد غیر قانونی تارکین کو ملک چھوڑ دینا ہوگا جن میں افغانیوں کی کثیر تعداد شامل ہے۔ کارگذار وزیر داخلہ سرفراز بگتی نے کہا کہ اگر یہ افراد یکم نومبر تک پاکستان نہیں چھوڑتے ہیں تو انہیں ملک بدر کرنے کیلئے لا انفوسمنٹ ایجنسیوں کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔

☆☆☆☆☆